# سیکرٹریٹ آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل

## آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

☆☆☆

''مظفرآباد''

مورخہ 06 اگست 2019ء

## نوٹیفکیشن !

نمبرس زک/57-10344 / 2019ء زکوٰۃ وعشرا یکٹ 1985ء کی دفعہ 27 کے تحت قواعد مرتب کرنے کے اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل نے اپنے 150 ویں اجلاس میں حسب سفارش ذیلی کمیٹی آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں بسنے والے ایسے مستحق خاندان جن کے سربراہ کا نام اپنے علاقہ کی مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کی فہرست مستحقین میں درج ہو یا ایسے نادار خاندان جو غیر شادی شدہ بچیوں کی شادی کی استطاعت نہ رکھتے ہوں کی بچیوں کی شادی کے سلسلہ میں زکوٰۃ فنڈ سے گرانٹ فراہم کرنے کیلئے بذیل قواعد نافذ کئے جانے کی منظور صادر فرمائی ہے:

### 1- مختصر عنوان' نفاذ اور اطلاق

(i) ان قواعد کو مستحق و نادار خاندان کی ''غیر شادی شدہ بچیوں/خواتین کی شادی کیلئے زکوٰۃ فنڈ سے مالی امداد فراہم کرنے کے قواعد 2019ء'' کہا جائے گا۔

(ii) یہ قواعد فوری نافذ العمل ہونگے۔

(iii) ان قواعد کا اطلاق آزاد کشمیر کے پشتینی باشندگان پر ہوگا۔

(iv) اس سے قبل شادی بیاہ کے قواعد 1989ء معہ تمام ترمیمات فی الفور منسوخ تصور ہونگے۔

### 2- تعریفات وتشریحات

ان قواعد میں بجز اس کے کہ کوئی بات سیاق وسباق سے مختلف ہو۔ جن اصطلاحات کی ان قواعد میں تعریف یا تشریح نہیں کی گئی ان کا مطلب یا ان سے مراد وہی ہے جو زکوٰۃ وعشرا یکٹ 1985ء کے تحت ہے۔

(i) ''ایکٹ'' سے مراد زکوٰۃ وعشرا یکٹ 1985ء ہے۔

(ii) ''مستحق خاندان'' سے مراد ایسا خاندان ہے جس کا انحصار اس شخص پر ہو جو'' آزاد کشمیر میں مستحق اور نادار افراد کے استحقاق کے تعین کے طریقہ کار کے قواعد 2019ء'' کی رو سے مستحق کی تعریف میں آتا ہو۔

(iii) ''نادار خاندان'' سے مراد ایسا خاندان ہے جس کا انحصار اس شخص پر ہو جو '' آزاد کشمیر میں مستحق اور نادار افراد کے استحقاق کے تعین کے طریقہ کار کے قواعد 2019ء'' کی رو سے نادار کی تعریف میں آتا ہو۔

(iv) ''استحقاق سرٹیفکیٹ'' سے مراد'' آزاد کشمیر میں مستحق اور نادار افراد کے استحقاق کے تعین کے طریقہ کار کے

قواعد2019ء'' میں تعریف کیا گیا سرٹیفکیٹ ہے۔

(v) ''حلقہ کمیٹی'' سے مراد زکوٰۃ وعشر ایکٹ کی دفعہ 16 کے تحت قائم شدہ حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی ہے۔

(vi) ''مقامی کمیٹی'' سے مراد زکوٰۃ وعشر ایکٹ کی دفعہ 17 کے تحت قائم شدہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی ہے۔

(vii) ''درخواست فارم'' سے مراد اس نوٹیفکیشن میں قاعدہ 6 کے تحت دیا گیا فارم برائے حصول گرانٹ شادی بیاہ ہے جو کہ ہر لحاظ سے مکمل ہو۔

## 3- زکوٰۃ فنڈ سے شادی گرانٹ کے قاعدے / اختیار و طریقہ فراہمی

(i) غریب و مستحق خاندان کی غیر شادی شدہ بچیوں کی شادی کیلئے رقوم متعلقہ حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے توسط سے فراہم ہوگی۔اس مقصد کیلئے ہر سال کے بجٹ میں زکوٰۃ کونسل فی کیس رقم کی شرح کا تعین کرنے کے بعد حلقہ کیلئے کیسز کی تعداد کا بھی تعین کرے گی اور اس حساب سے سالانہ بجٹ میں رقم مختص کرتے ہوئے حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو سہ ماہی بنیادوں پر فراہم کرے گی۔

(ii) حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے حلقہ کے زیر اثر علاقوں میں بسنے والے غریب خاندان جو اپنی بیٹی کی شادی کیلئے گرانٹ حاصل کرنا چاہیں سے فارم حصہ اول پر کرانے کے بعد مقامی کمیٹی سے تصدیق حاصل کرتے ہوئے اپنے اجلاس میں رقم اور تمام کیس کی تعداد کے مدنظر ادائیگی کی منظوری دے۔

(iii) حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی اپنا بینک اکاؤنٹ کھولے گی اور زکوٰۃ فنڈ سے رقم کو اس اکاوئنٹ میں منتقل کیا جائے گا۔مستحق یا نادار خاندان کے سربراہ کو ادائیگی اس اکاؤنٹ سے بذریعہ کراسڈ چیک کی جائے گی۔بعد از منظوری ہی چیک چیئرمین حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے دستخط سے جاری ہوگا۔

(iv) حلقہ کمیٹی کا صرف ایک اکاؤنٹ ہوگا جسے تبدیل نہیں کیا جاسکے گا اور اگر تبدیل کرنا ضروری ہو تو ضلع زکوٰۃ کمیٹی کے توسط سے چیف ایڈمنسٹریٹر کی منظوری حاصل کی جانا ہوگی۔

(v) ہر مالی سال کے آغاز پر حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی دفتر چیف ایڈمنسٹریٹر کو فنڈز کے حصول کیلئے ڈیمانڈ پیش کرے گی۔ششماہی بنیادوں پر چیف ایڈمنسٹریٹر کی منظوری سے رقم براہ راست حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے اکاؤنٹ میں منتقل ہوگی جس کا حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی باقاعدہ حساب کتاب اور آڈٹ کیلئے کوڈل لوازمات پورا کرنے کی پابند ہوگی۔

(vi) دفتر چیف ایڈمنسٹریٹر کے شعبہ اکاؤنٹس میں تمام حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹیوں کے اکاؤنٹ کی فہرست رکھی جائے گی جس کا باقاعدہ آڈٹ ہوگا۔

(vii) منظور شدہ بجٹ کے مطابق ایمرجنسی کی صورت میں مرکزی دفتر میں چیف ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ وعشر بھی جہیز فنڈ کیلئے براہ راست ادائیگی کر سکے گا جس کا باقاعدہ آڈٹ اور ریکارڈ مرتب ہوگا۔

## 4- شادی گرانٹ حاصل کرنے کا طریقہ کار

(i) ہر حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی اپنے دفتر میں درخواست فارم رکھے گی۔

(ii) مستحق خاندان اپنی حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے چیئرمین کے دفتر سے تین حصوں پر مشتمل درخواست فارم حاصل کرے گا۔

(iii) درخواست فارم کے حصہ اول کے تینوں حصوں یعنی حصہ الف، ب اور ج پر کرنے کے بعد دستخط یا نشان انگوٹھا لگایا جائے گا۔

(iv) درخواست فارم کے ساتھ سربراہ کنبہ اور لڑکی کے شناختی کارڈ اور لڑکا جس سے رشتہ طے ہوا ہے کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل لگائی جائے گی۔

(v) درخواست فارم حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی وصول کرے گی جس کے بعد ضروری دفتری کاروائی کے بعد متعلقہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو برائے رپورٹ ارسال کردی جائے گی۔

(vi) متعلقہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی حلقہ کمیٹی کی جانب سے فارم وصول کرنے کے بعد اپنے اجلاس کے دوران کوائف کے درست ہونے کی تسلی کرے گی اور مطابق ریکارڈ مقامی کمیٹی تصدیق فراہم کرے گی۔

(vii) اس امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ فارم کے ساتھ ضروری دستاویزات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

(viii) مقامی کمیٹی یہ درخواست فارم بعد از تصدیق واپس حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو برائے منظوری ومزید کاروائی ارسال کرے گی

(ix) حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی جملہ کیسز موصول ہونے پر اپنا اجلاس منعقد کرے گی۔حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی، مقامی کمیٹی کی جانب سے پیش کی گئی تصدیق ورپورٹ کی روشنی میں مقررہ شرح کے مطابق اپنے اجلاس میں اس کیس کو زیر غور لا کر مستحق خاندان کے حق میں منظوری دے گی۔

(x) حلقہ کمیٹی درخواست فارم مکمل کرتے وقت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی نے لڑکی/ خاتون کا استحقاق فارم جاری کیا ہے۔اور فنڈ ز کی دستیابی کی صورت میں اور فارم اور کیس ہر لحاظ سے مکمل ہونے کی صورت میں ادائیگی کا فیصلہ کرتے ہوئے گرانٹ کا چیک فراہم کرے گی۔

(xi) کمیٹی کی سفارشات اور فیصلہ کی روداد اور فارم کو ریکارڈ میں محفوظ رکھا جائے گا جس کی بنیاد پر آڈٹ کیا جائے گا۔

(xii) حلقہ کمیٹی شادی گرانٹ کے تمام کیسز مکمل کر لینے کے بعد ان کی تفصیل تیار کرے گی۔جن میں مستحق خاندان کے کوائف، لڑکی کے کوائف، نکاح نامہ کی تاریخ ومقام کے علاوہ لڑکا جس سے نکاح ہوا کے کوائف اور ادا کی گئی رقم کی تفصیل کے علاوہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی مصدقہ سٹیٹمنٹ منسلک کرتے ہوئے متعلقہ ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے توسط سے دفتر چیف ایڈمنسٹریٹر کو ارسال کرے گی۔

(xiii) دفتر چیف ایڈمنسٹریٹر میں متعلقہ شعبہ اکاؤنٹس حلقہ زکوٰۃ کمیٹی کی جانب سے وصول ہونے والی تفصیل کی جانچ پڑتال کے بعد اسے آزاد کشمیر زکوٰۃ فنڈ اکاؤنٹ جہاں سے حلقہ کمیٹی کو بجٹ کے مطابق رقم فراہم ہوئی تھی کے آڈٹ کے دوران پیش کرنے کیلئے محفوظ رکھے گا۔

## 5- حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کا آڈٹ

(i) حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کا آڈٹ طے شدہ طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا جسے زکوٰۃ کونسل نے آڈٹ کیلئے منظور کیا ہو۔

(ii) آڈٹ آفیسر/آڈیٹر آڈٹ کے دوران مستحق خاندان کی درخواست، استحقاق سرٹیفکیٹ، مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے اجلاس کی روداد، حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے اجلاس کی روداد، اکاؤنٹ کی تفصیل، رقم کے مطابق کیسز کی تعداد، سربراہ کنبہ کے شناختی کارڈ کی نقل، لڑکی کے نکاح نامہ کی نقل معہ شناختی کارڈ کی نقل کی جانچ پڑتال کرنے کا پابند ہوگا۔

## 6- نمونہ درخواست فارم برائے حصول شادی گرانٹ

### درخواست فارم برائے حصول شادی گرانٹ از آزاد کشمیر زکوٰۃ فنڈ

﴾صرف مستحق خاندان کی غیر شادی شدہ بچیوں/خواتین کی شادی کیلئے﴿

☆☆☆

### ﴾حصہ اول﴿

حصہ اول (**الف**)

۱) نام متعلقہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی.................................کوڈ نمبر.................................

۲) لڑکی کا نام.................................علاقہ/گاؤں/وارڈ.................................تحصیل.................................ضلع.................................

۳) لڑکی کی عمر .................................کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر.................................

۴) تاریخ نکاح.................................مقام، حلقہ وضلع.................................

۵) نام والد/ والدہ/سرپرست (رشتہ واضح کیا جائے) .................................

۶) شناختی کارڈ نمبر والد/ والدہ/سرپرست (مطابق سیریل نمبر ۵) .................................

۷) والد/ والدہ/سرپرست کا پیشہ .................................ماہانہ آمدنی.................................

۸) نام کاروبار/محکمہ/ادارہ .................................پیشہ کی نوعیت.................................

۹) مستقل پتہ.................................

۱۰) نام لڑکا جس سے رشتہ طے ہوا ہے:.................................ولدیت.................................شناختی کارڈ نمبر.................................

مکمل پتہ.................................

**حصہ اول (ب)**

**مستحق خاتون/لڑکی کے دیگر بہن بھائیوں کے پیشہ کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | پیشہ کی نوعیت/عہدہ | پیشہ کا پتہ (اگر ملازم ہے تو محکمہ/ادارہ کا نام) | ملازمت اختیار کرنے کی تاریخ | ماہانہ آمدن/تنخواہ/معاوضہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

**حصہ اول (ج)**

**مستحق خاتون/لڑکی کی دوسری بہنوں کی تفصیل**

| نمبر شمار | نام | عمر | ازدواجی حیثیت (اگر شادی شدہ ہے تو شادی کی تاریخ) | اگر شادی شدہ ہے تو کیا زکوٰۃ فنڈ سے امداد حاصل کی تھی | اگر زکوٰۃ فنڈ سے امداد حاصل کی تھی تو حاصل کردہ رقم و تاریخ مکمل تفصیل |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

دستخط درخواست دہندہ .................................

تاریخ .................................

مقام .................................

## صرف چیئرمین مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے استعمال کیلئے

### حصہ دوم

تصدیق کی جاتی ہے کہ مسماۃ............................دختر............................ کے والدین بہت غریب ہیں اور ان کے پاس اپنی بیٹی کی شادی کے اخراجات کرنے کیلئے کوئی ذریعہ نہ ہے لہذا مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی نے اپنے اجلاس مورخہ ........................ میں سائل/سائلہ کو مالی امداد کیلئے مستحق قرار دیا ہے اس کا نام فہرست مستحقین زکوٰۃ رجسٹر............................ میں سیریل نمبر.................... پر درج ہے۔ حلقہ زکوٰ ہو عشر کمیٹی اور ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو درخواست دہندہ کے حق میں شادی گرانٹ کی منظوری وادائیگی کیلئے سفارش کی جاتی ہے۔

چیئرمین مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی .................... کوڈ نمبر.................... حلقہ زکوٰۃ کمیٹی .................... ضلع زکوٰۃ کمیٹی ....................

---

## صرف حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے استعمال کیلئے

### حصہ سوم

مکمل جانچ پڑتال کے بعد ثابت ہوا ہے کہ مسماۃ ............................دختر............................سکنہ.................... کی شادی طے پاچکی ہے اور اسے مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی متعلقہ نے شادی گرانٹ کے حصول کیلئے مستحق قرار دیا ہے لہذا حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی نے اپنے منعقدہ اجلاس مورخہ.................... میں سائلہ کو زکوٰۃ کونسل کی منظور شدہ شرح کے مطابق شادی گرانٹ مبلغ....................روپے دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ گرانٹ بذریعہ کراسڈ چیک نمبر .................... مورخہ .................... بینک و برانچ....................ادا کی جارہی ہے۔ سربراہ کنبہ کو پابند کیا جاتا ہے کہ نکاح کے ایک ہفتہ بعد نکاح نامہ کی مصدقہ نقل معہ اپنے اور بیٹی کے شناختی کارڈ کے علاوہ لڑکے کے شناختی کارڈ کی نقل بھی برائے تکمیل ریکارڈ حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو فراہم کرے۔

دستخط چیئرمین حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی

مہر وتاریخ............................

مستحق خاندان کے سربراہ یا لڑکی کا اکاؤنٹ نمبر معہ بینک و برانچ درج کیا جائے

نوٹ چیئرمین مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی درخواست فارم کے ساتھ تصدیق شدہ کاروائی اجلاس رجسٹر فہرست مستحقین و درخواست دہندہ کا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور نکاح نامہ کی کاپی منسلک کرے گا۔

سیکرٹری زکوٰۃ کونسل چیف ایڈمنسٹریٹر

نقل بالا بخدمت:۔

۱) سیکرٹری صاحب برائے جناب صدر آزاد جموں وکشمیر۔

۲) سیکرٹری صاحب برائے جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔

۳) پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب وزیر زکوٰۃ وعشر۔

۴) پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکرٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

۵) پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل۔

۶) پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب سیکرٹری زکوٰۃ وعشر آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

۷) جملہ سرکاری وغیر سرکاری ممبران آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل۔

۸) ایڈمنسٹریٹر صاحب زکوٰۃ وعشر۔

۹) چیئرمین صاحبان ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی مظفرآباد/نیلم/جہلم ویلی/باغ/حویلی/راولاکوٹ/سدھنوتی/کوٹلی/میرپور/بھمبر۔

۱۰) ناظم صاحب سرکاری چھاپہ خانہ مظفرآباد برائے اشاعت سرکاری گزٹ۔

۱۱) جملہ آفیسران نظامت اعلیٰ زکوٰۃ وعشر

۱۲) جملہ چیئرمین صاحبان حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی۔

۱۳) جملہ تحویلداران ریکارڈز زکوٰۃ وعشر۔

۱۴) ماسٹر فائل